Rampur State Gazette

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲۲ } مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۵ ماہ صفر سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۹ ماہ جون سنہ ۱۹۳۴ء { جلد ۲۰

حصہ اول

خلاصہ آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل	۲
۲	عطائے اجازت کارندگی قاضی محی الدین (در مطبع کلکٹری)	۳
۳	تفویض کار رہنمائی منشر بہ کرنل ایبرنتھی صاحب	״
۴	تقرر سید خورشید علی (سکنہ مراد آباد)	״
۵	رخصت کپتان عبدالقیوم خان صاحب کمانڈنٹ صاحب	۴
۶	منظوری ترمیم قانون آبکاری و قانون افیون و سکرٹ	״
۷	برقراری سلسلہ ملازمت سید علی عباس پیشکار	۵
۸	قاضی ہیڈ کوارٹرس شہر سٹی مجسٹریٹ صاحب	״
۹	رخصت کمانڈنگ افسر صاحب رسالہ لانسرز	״
۱۰	رخصت سکنڈ لفٹننٹ کیشب دت صاحب	۵
۱۱	ترمیم قانون میعاد سماعت مجریہ سنہ ۱۹۰۳ء	۶
۱۲	منسوخی رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب باغات	۶
۱۳	رخصت صاحبزادہ سید اصغر علی خان بہادر	۶
۱۴	نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل	۷

حکم اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

نمبر	مضمون	صفحہ
۱	رخصت مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	۱

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈران کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل

واقع یکم جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء میں نقشہ احکام منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل پیش ہو کر طے پایا کہ احکام مندرجہ نقشہ کی کونسل سے منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل اس حکم کی مع نقل نقشہ منسلکہ بغرض اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر ان کونسل

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم سکریٹری
۱	تعمیرات	کاغذ منظوری مصارف پٹرول موٹر کار تعمیرات ماہ مارچ ۱۹۳۳ء مبلغ ۔۔۔ روپیہ	زائد مصارف کی منظوری دیجاتی ہے حساب ریویو فنڈ بہادر کی مد میں درج ہو۔	۲۲ مئی ۱۹۳۳ء	
۲	توشہ خانہ	کاغذات رخصت چار یوم صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ۔	رخصت اتفاقیہ چار یوم ۲۳ لغایت ۲۶ مئی ۱۹۳۳ء منظور ہو۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں	۲۳ مئی ۱۹۳۳ء	
۳	رجسٹری صیغہ	کاغذات منظوری اجازت کام رجسٹری صدر مولوی علاء الحق اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ اول بوجہ رخصت ۔۔ مئی ۱۹۳۳ء رجسٹرار صدر	مولوی علاء الحق صاحب کو صیغہ رجسٹری کے کام کرنے کی اجازت دیجاتی ہے کاغذات صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں۔	۲ مئی ۱۹۳۳ء	
۴	اکاؤنٹنٹ آفس	کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت بدرالدین احمد	بدرالدین احمد کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔	۸ مئی ۱۹۳۳ء	
۵	ایضاً	کاغذات برقراری سلسلہ ملازمت مشہود حسن اکاؤنٹنٹ	مشہود حسن اکاؤنٹنٹ کا سلسلہ ملازمت برقرار رکھا جانا منظور ہے ایام بیکاری کی تنخواہ نہیں ملیگی سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔	ایضاً	
۶	کلیات	روبکار انتظام جشن سالگرہ ہز امپیریل مجسٹی ملک معظم قیصر ہند و تعطیل ۳ جون ۱۹۳۳ء	سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔	۲۸ مئی ۱۹۳۳ء	

آرڈر اِن کونسل

واقع یکم جون ۱۹۳۳ء

مسودہ تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر
بسفارش تقرر حافظ محی الدین معقول درخاست شدہ
بحکم اجلاس ہمایوں مشاہرہ بائیس روپے
بجائے خالی اسسٹنٹ اسٹورکیپر مطبع سرکاری از
۱۸ اپریل ۱۹۳۳ء یوم کارکنی بغرض خرید
سپلائی اسٹیشنری بلا صراحت کہ پریس کے
موجودہ کام سے انکا تعلق نہ ہوگا مع تحریر صاحب
ریونیو منسٹر بہادر بسفارش تقرر وقتی تا عرصہ
چھ ماہ

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء میں
کاغذات استدعائے تقرر حافظ محی الدین پیش ہوکر
طے پایا کہ:-

فی الحال حافظ محی الدین سے کام لیا جائے آیندہ
اس بارہ میں فیصلہ کن حکم صادر کیا جائے گا -

حکم ہوا کہ

کاغذات ہذا برائے کارروائی صاحب فائنانس
سکریٹری بہادر کی خدمت میں مرسل ہوں -

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

حافظ محی الدین نے ۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء سے کام
کیا ہے - سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -
۳ جون ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

آرڈر اِن کونسل

واقع ۶ جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۶ جون ۱۹۳۳ء میں نقل
بگیٹ آرڈر بابت رخصت صاحب آرمی منسٹر بہادر
پیش ہوکر طے پایا کہ:-

بزمانہ رخصت کرنل ڈی میرج صاحب آرمی منسٹر بہادر
لفٹننٹ کرنل ایبرنتھی صاحب موصوف کے انچارج
رہیں گے اور اپنے کام کے علاوہ موصوف کا کام بھی
انجام دینگے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر اِن کونسل

۷ جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۶ جون ۱۹۳۳ء میں
کاغذات تقرر سید خورشید علی (ساکنہ مرادآباد) بعہدہ
سب انسپکٹر پولیس پیش ہوکر طے پایا کہ:-

چونکہ سی - آئی - ڈی کے تجربہ کار اہلکار پولیس باشندہ
ریاست فی الحال دستیاب نہیں ہو سکتا لہذا سید خورشید علی
کا تقرر عارضی ایک سال کیلئے بمشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار
منظور ہے -

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں - ایک نقل
درج گزٹ کیجائے -

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

۳ آرڈر ان کونسل

مورخہ ۵ جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۵ جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے مزید رخصت کپتان عبدالقیوم خان صاحب کمانڈنٹ خاص باڈی گارڈ پیش ہوکر طے پایا کہ

کپتان عبدالقیوم خاں صاحب کی مزید رخصت ایک ہفتہ بسلسلہ رخصت ایک ہفتہ سابقہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈر ان کونسل

مورخہ ۱۰ جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۱۰ جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے ترمیم دفعات ۲، ۳، ۴، ۳ قانون آبکاری (دفعہ ۱۰) و قانون افیون ومسکرات ریاست رامپور پیش ہوکر طے پایا کہ:-

حسب تجویز کمیٹی قانون سازی معمولی و ضروری ترمیم ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء و ترمیمہ قانون افیون ومسکرات مجریہ ۱۹۲۵ء منسلکہ ہذا منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم ہذا معہ ہر دو ترمیمہ قانون منسلکہ ہذا درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون آبکاری ریاست رامپور مجریہ ۱۹۰۹ء میں مناسب ترمیم کیجائے لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے۔

نام قانون | **دفعہ ۱**:- اس قانون کا نام "ترمیمہ قانون آبکاری ریاست رامپور مصدرہ ۱۹۳۳ء" ہوگا۔

تاریخ نفاذ | **دفعہ ۲**:- اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

اضافہ الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" | **دفعہ ۳**:- دفعہ ۳۰ کی سطر دوم میں بعد الفاظ "حاکم صاحب اعلیٰ مال" الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" اضافہ ہوں۔

اضافہ الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" | **دفعہ ۴**:- دفعہ ۳۴ کی سطر اول میں بعد الفاظ "حاکم صاحب اعلیٰ مال" الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" اضافہ ہوں۔

ترمیمہ قانون افیون ومسکرات ریاست رامپور مجریہ ۱۹۲۵ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون افیون ومسکرات ریاست رامپور مجریہ ۱۹۲۵ء میں ترمیم کیجائے لہذا حسب ذیل حکم صادر کیا جاتا ہے

نام قانون | **دفعہ ۱**:- اس قانون کا نام "ترمیمہ قانون افیون ومسکرات ریاست رامپور مصدرہ ۱۹۳۳ء" ہوگا۔

تاریخ نفاذ | **دفعہ ۲**:- اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا۔

اضافہ الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" | **دفعہ ۳**:- دفعہ ۱۵ کی سطر اول میں بعد الفاظ "اعلیٰ حاکم افیون یا افسر انچارج صیغہ" الفاظ "یا ڈپٹی انسپکٹر جنرل پولیس" اضافہ ہوں۔

آرڈران کونسل

واقع ۷؍جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷؍جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے قائمی سلسلہ ملازمت سید علی عباس پیشکار صاحب ملٹری سکریٹری بہادر پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

قائمی سلسلہ ملازمت کی منظوری دیجاتی ہے۔

ایام علٰحدگی کی تنخواہ نہیں ملے گی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۷؍جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷؍جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے قائمی ہیڈ کوارٹرس ہر دو منصف مجسٹریٹ صاحبان شہر رامپور پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

ہر دو منصف مجسٹریٹ صاحبان کے ہیڈ کوارٹرس شہر میں قائم کیا جانا منظور ہے اور تحصیلداران متعلقہ کو دفعہ ۰۰ کی کارروائی کے احکام کے اجراء کے لئے اختیارات عطا کئے جاتے ہیں

اسی سلسلہ میں دیہات کی پنچایتوں کی ترتیب کی اسکیم بھی پیش کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ایک نقل بغرض کارروائی صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر کی خدمت میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۷؍جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷؍جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے رخصت دو ماہ کپتان محمود علیخاں کمانڈنگ افسر رامپور رو ہیلہ لانسرز پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تجویز صاحب آرمی منسٹر بہادر بصورت خاص دو ماہ کی رخصت از ۱۲؍جون ۱۹۳۳ء کپتان محمود علیخاں صاحب کمانڈنگ افسر رامپور روہیلہ لانسرز کی بانچارجی کپتان عبدالعلیخاں صاحب منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے آرمی آرڈر جاری کیا جائے ایک نقل درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۷؍جون ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۷؍جون ۱۹۳۳ء میں کاغذات استدعائے عطائے رخصت ایک ماہ سکنڈ لفٹنٹ کیشب دت صاحب پیش ہوکر طے پایا کہ:۔

حسب تحریر صاحب آرمی منسٹر بہادر سکنڈ لفٹنٹ کیشب دت صاحب کی ایک ماہ کی رخصت ۹؍مئی ۱۹۳۳ء سے ۸؍جون ۱۹۳۳ء تک منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے بریگیڈ آرڈر جاری کیا جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل
دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل واقع ۸ جون سنہ ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۶ جون سنہ ۱۹۳۲ء میں نقشہ احکام منسلکہ منظور فرمودہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوکر منظور ہوا۔

حکم ہوا کہ

حسب رشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل مع نقل نقشہ درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل من ابتدا ۲۹ مئی سنہ ۱۹۳۲ء لغایتہ ۴ جون سنہ ۱۹۳۲ء

نمبر شمار	نام ڈپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	کلیات	کاغذات متعلق اندراج گزٹ کاموجود	کونسل یا اجلاس کے جو احکام ایسے ہوں کے جو گزٹ میں درج گزٹ کا حکم ہوگا اور نہیں ہے تکمیل ہوا کرے گی۔ بعد اجلاس ہونے کے متعلق احکام دفتری درآمد سابق تک کے پابندی کی جائے۔	۲۹ مئی سنہ ۱۹۳۲ء	
۲	توشہ خانہ	کاغذات متعلق رخصت چہ یوم صاحب سکریٹری بہادر توشہ خانہ ۸ مئی لغایتہ یکم جون سنہ ۱۹۳۲ء	منظوری رخصت چہ یوم یا انتظام سابقہ منظور ہے سررشتہ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔	۳۰ مئی سنہ ۱۹۳۲ء	
۳	مصرف خیر	کاغذات رخصت ایکماہ سید اولاد حسین صاحب افسر امور خیر	رخصت ایکماہ رعایتی منظور ہے۔ سردار صاحب بہادر براہ راست انصرام انجام دینگے۔ کاغذات برائے اجرا احکام سررشتہ صدور کو مرسل ہوں۔	۱ مئی سنہ ۱۹۳۲ء	
۴	ہائیکورٹ	کاغذات رخصت ۱۶ یوم جسٹس عبدالعزیز صاحب انصاری	حسب سلسلہ انتظام سابقہ رخصت ۱۶ یوم از تاریخ یکم لغایتہ ۱۶ جون سنہ ۱۹۳۲ء منظور ہے احکام جاری ہوں۔	۳ جون سنہ ۱۹۳۲ء	

آرڈران کونسل۔

واقع ۸ جون ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ جون ۱۹۳۲ء میں کاغذات مسل دربارے ترمیم ضمن (۵) آرٹیکل ۱۸۲ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء پیش ہوکر طے پایا کہ۔

حسب تجویز کمیٹی قانون ساز معمولی و ضروری ترمیم۔ مرمہ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم ہذا سے نقل مرمہ درج گزٹ ہو

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

مرمہ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء

ہرگاہ یہ قرین مصلحت ہے کہ قانون میعاد سماعت مجریہ ۱۹۳۱ء میں ترمیم کیجائے لہذا حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

نام قانون | **دفعہ ۱** اس قانون کا نام "مرمہ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور ۱۹۳۲ء" ہوگا۔

تاریخ نفاذ | **دفعہ ۲** اس قانون کا نفاذ تاریخ اشاعت گزٹ سے ہوگا

ترمیم ۱۸۲ قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء | **دفعہ ۳** قانون میعاد سماعت ریاست رامپور مجریہ ۱۹۳۱ء کی ۱۸۲ کی موجودہ ضمن (۵) کے بجائے حسب ذیل ضمن (۵) قائم کیجائے۔

ضمن (۵) جس حال میں کہ درخواست جس کا ذکر ذریعہ کیا جاتا ہے (تاریخ حکم آخر سے جو کہ ایسی درخواست پر جو مطابق قانون کے عدالت مناسب میں واسطے اجرائے ڈگری یا حکم کے یا واسطے عمل میں لانے کسی تدبیر معاون اجرائے ڈگری یا حکم کے کیگئی ہو۔

نفاذ اس ترمیم کا مقدمات دائرہ مقدمات اجرا سے بھی متعلق ہوگا۔

آرڈران کونسل

واقع ۸ جون ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ جون ۱۹۳۲ء میں کاغذات استدعائے تنسیخ رخصت پندرہ ۱۵ یوم مسٹر تہور حسین سپرنٹنڈنٹ باغات پیش ہوکر طے پایا کہ

حسب تحریر صاحب ہز ہائنس پولیٹکل منسٹر بہادر رخصت رعایتی منظور شدہ پندرہ ۱۵ یوم کی تنسیخ منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

آرڈران کونسل

واقع ۸ جون ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۸ جون ۱۹۳۲ء میں طے پایا کہ:۔

صاحبزادہ سید اصغر علیخاں بہادر کی رخصت رعایتی ایک ماہ ۵ جون ۱۹۳۲ء سے منظور ہے۔ بزمانہ رخصت مسٹر محمد جانخاں صاحب اپنے کام کے علاوہ صاحبزادہ صاحب کا کام بھی انجام دینگے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آر ڈی ہیڈ کوارٹر سے برگیڈ آرڈر جاری کیا جائے ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

حکم اجلاس جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

مورخہ ۱۰ر جون ۱۹۳۲ء

حکم:-

شقہ تحریر جناب جوڈیشل منسٹر بہادر
دربارہ منظوری رخصت مزید
رعایتی سولہ یوم مطلوبہ مسٹر جسٹس
مولوی عبد العزیز صاحب بہادر
انصاری از یکم جون ۱۹۳۲ء
بسلسلہ رخصت سابقہ بوجہ بعض
ضروریات لاحقہ

حکم

بسلسلہ انتظام سابقہ جسٹس عبد العزیز صاحب
بہادر انصاری کی رخصت سولہ یوم من ابتدائے
یکم لغایت ۱۶ر جون منظور ہے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔

[illegible]